بھرتی سال 2023

امتحان/ ٹیسٹ ہائے سے متعلق ضروری ہدایات برائے امیدواران

1۔ امیدوار اپنے ہمراہ اپنا اصل شناختی کارڈ لازماً لے کر آئیں، بصورت دیگر اُن کو ٹیسٹ میں نہیں بیٹھنے دیا جائے گا۔

2۔ حتمی لسٹ میں جن اُمیدواروں کے نام کے سامنے کچھ تحریر نہ ہے، اُن کی درخواستیں پہلے سے منظور شدہ ہیں۔

3۔ جن اُمیدواروں کو فہرست میں بیان کردہ کمی کے باوجود اہل قرار دیا گیا ہے اُن کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ مذکورہ دستاویزات جلد از جلد دفتر ہٰذا میں فراہم کریں۔ اگر بوقت انٹرویو بھی مذکورہ دستاویزات فراہم نہ کی گئیں تو کمیٹی ایسے اُمیدواران کو انٹرویو کے لئے نا اہل قرار دے سکتی ہے۔

4۔ وہ اقلیتی اُمیدواران جنہوں نے پراسس سرور کی آسامی کے لئے درخواست دی ہے، تعداد کم ہونے کی بنا پر سکریننگ ٹیسٹ سے مثتثنیٰ ہیں۔ البتہ دیگر تمام مراحل میں شرکت کے پابند ہیں۔

5۔ اقلیتی اُمیدواران جنہوں نے نائب قاصد اور چوکیدار کی آسامیوں کے لئے درخواست دی ہے، وہ صرف انٹرویو میں اپنی شرکت کو یقینی بنائیں۔

6۔ موبائل فون، گیجٹ، ٹیبلٹ، کالکولیٹر یا کوئی بھی ایسی چیز جس میں پیپر حل کرنے میں مدد مِل سکے کو لانا بھی منع ہے۔ مین گیٹ پر دورانِ چیکنگ/ تلاشی اگر کسی کے پاس مذکورہ اشیاء پائی گئیں تو اُسے ٹیسٹ میں نہیں بیٹھنے دیا جائے گا۔ اگر کسی کے پاس سے دورانِ ٹیسٹ مذکورہ اشیاء ملی تو اس کا پیپر منسوخ کر دیا جائے گا۔

7۔ لسٹ میں درج شدہ سیریل نمبر ہی بھرتی کے تمام مراحل کے دوران اُمیدوار کا رولنمبر رہے گا۔
اُمیدوار کو اپنے ہمراہ کلپ بورڈ، پن لانا لازمی ہے۔ جیل پن، رولر پن اور پنسل کا استعمال منع ہے۔

8۔ اُمیدوار کو ٹیسٹ شروع ہونے سے کم از کم 20 منٹ پہلے امتحانی مرکز میں پہنچنا ہوگا۔ ٹیسٹ شروع ہونے کے بعد اُمیدوار کو امتحانی مرکز میں داخل نہیں ہونے دیا جائے گا۔ امتحانی مرکز گورنمنٹ کالج

آف کامرس اینڈ مینجمنٹ سائنسز، شاہراہ ریشم مانسہرہ ہے۔

9۔ تمام اُمیدواران سکریننگ ٹیسٹ کے لئے 2 عدد تصدیق شدہ جدید پاسپورٹ سائز تصاویر ہمراہ لائیں۔ جس میں سے ایک تصویر رولنمبر سلپ پر چسپاں کرنی ہوگی اور دوسری سکریننگ پیپر پر چسپاں کرنی ہوگی۔

10۔ اُمیدواران کو رولنمبر سلپ ڈسٹرکٹ کورٹس کی ویب سائٹ سے ڈاؤنلوڈ کرنی ہے۔ کسی بھی اُمیدوار کو دفتر ہذا کی طرف سے پرنٹ شدہ رولنمبر سلپ جاری نہیں کی جائے گی۔

11۔ اصل اسناد کا بوقتِ انٹرویو ساتھ لانا ضروری ہے۔

12۔ تمام اُمیدواران کے لئے بھرتی کے تمام مراحل کے دوران نظم وضبط کا خیال رکھنا لازم ہے۔

13۔ نسوار، سگرٹ نوشی اور دیگر نشہ آور چیزیں امتحانی مرکز میں لانا منع ہیں ۔

14۔ امتحانی مرکز میں دو اُمیدواران کا آپس میں رابطہ بذریعہ بول چال یا بذریعہ اشارہ منع ہے۔ اگر کوئی قصوروار پایا گیا تو اسکا پیپر منسوخ کر دیا جائے گا۔

15۔ امتحانی عملہ کو بلانے کے لئے امیدوار اپنا ہاتھ اٹھائے گا تاہم اپنی جگہ نہیں چھوڑے گا۔

16۔ امتحانی مرکز چھوڑنے سے پہلے امیدوار اپنا پیپر ڈیوٹی پر مامور جوڈیشل آفیسر کو دے گا۔ پیپر کو امتحانی ہال سے باہر لے جانے پر امیدوار کو نااہل کر دیا جائے گا اور بمطابق قانون سخت کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

17۔ وہ تمام امیدواران جو بوجوہات نااہل قرار دئے گئے ہیں ان کا امتحانی ہال میں داخلہ ممنوع ہے۔

18۔ ٹیسٹ / انٹرویو شیڈول پہلے سے ہی ڈسٹرکٹ کورٹس کی ویب سائٹ اور فیس بک پیج پر اپلوڈ کر دیا گیا ہے۔

سینئر سول جج (ایڈمن)، مانسہرہ